## حضرت مہتمم صاحب کی رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کانفرنس میں شرکت

۱۹؍مارچ کو رابطہ العالم الاسلامی کے زیراہتمام مکہ مکرمہ میں انٹرنیشنل سہ روزہ کانفرنس میں حضرت مہتمم صاحب نے شرکت فرمائی، اس موقع پر آپ نے سارے عالم اسلام کے چوٹی کے علماء ومشائخ سے ملاقاتیں بھی کیں اور خصوصاً حرمین الشریفین کے ائمہ اور دیگر اعلیٰ حکومتی عہدوں پر فائز شخصیات سے تبادلہ خیال بھی کیا۔ راقم اور مولانا سید احمد شاہ صاحب بھی سفر میں ہمراہ تھے، الحمدللہ عمرہ کی ادائیگی کے بعد مدینہ منورہ میں حاضری بھی نصیب ہوئی۔

## حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات

۲۵ مارچ کو حضرت مولانا احمد لدھیانوی، سربراہ اہل سنت والجماعۃ دارالعلوم تشریف لائے، اور حضرت مہتمم صاحب کی غیرموجودگی میں دیگر اساتذہ ومنتظمین سے ملاقات کی۔

۲۶ مارچ کو جمعیت کے سیکرٹری جنرل مولانا عبدالرؤف فاروقی اور مولانا عبدالخالق صاحب جامعہ تشریف لائے اور ملک کے سیاسی صورتحال پر مولانا یوسف شاہ صاحب سے تبادلہ خیال کیا۔

۲۶ مارچ کو حضرت مہتمم صاحب اور مولانا سید احمد شاہ صاحب کی عمرہ سے بخیروعافیت وطن واپسی ہوئی۔

۲۷ مارچ کو جامعہ اسلامیہ اضاخیل بالا کے سالانہ جلسہ میں مہتمم صاحب نے تفصیلی خطاب فرمایا۔

۲۔اپریل کو نستہ چارسدہ میں مفتی محمد مسلم صاحب کی دعوت پر جامعہ روضۃ الاسلام کے سالانہ جلسہ دستار بندی میں شرکت کی اور ختم بخاری شریف فرمائی۔

۲۔۳۔اپریل: بنوں میں مولانا نسیم علی شاہ، مہتمم جامعہ المرکز الاسلامی کی دعوت پر سالانہ جلسہ دستار بندی اور تقریب ختم بخاری شریف کے لئے تشریف لے گئے، اس کے بعد گردونواح میں مختلف مدارس کا دورہ اور خطاب فرمایا، واپسی پر کرک میں دارارقم چنڈہ خرم کرک کے دیگر مدارس کے اجتماعات سے خطاب کیا۔

۴۔اپریل کو جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری جناب لیاقت بلوچ صاحب، میاں محمد اسلم صاحب، جماعت اسلامی کے صوبائی وزراء وفد سمیت دارالعلوم تشریف لائے اور مولانا مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔

## جامعہ الرشید کراچی کے مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالرحیم صاحب کی دارالعلوم آمد

۷۔اپریل کو جامعہ الرشید کراچی کے مہتمم حضرت مولانا مفتی عبدالرحیم صاحب، شیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی محمد صاحب رئیس دارالافتاء جامعۃ الرشید، جناب ملاخیل صاحب ایڈیٹر روزنامہ 'اسلام' اسلام آباد کی دارالعلوم حقانیہ آمد اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملکی وبین الاقوامی حالات پر سیر حاصل گفتگو کی۔